زری پالیسی کمیٹی کے 26 جون 2023ء کو سہ پہر 3 بجے کراچی میں منعقدہ اجلاس کی روداد

شرکا

جمیل احمد	چیئرپرسن اور گورنر اسٹیٹ بینک
محترمہ سیما کامل	ڈپٹی گورنر (ایف آئی اینڈ آئی)
ڈاکٹر عنایت حسین	ڈپٹی گورنر (بینکاری اور ایف ایم آر ایم)
جناب فواد انور	ڈائریکٹر اسٹیٹ بینک بورڈ
جناب محمد علی لطیف	ڈائریکٹر اسٹیٹ بینک بورڈ
جناب نجف یاور خان	ڈائریکٹر اسٹیٹ بینک بورڈ
ڈاکٹر نوید حامد	بیرونی رکن
ڈاکٹر حاند مختار	بیرونی رکن
ڈاکٹر ایس ایم تراب حسین	بیرونی رکن
جناب فیاض الرحمٰن	کارپوریٹ سیکریٹری۔ قائم مقام

موجودہ معاشی حالات کا جائزہ اور مالی سال 23ء کے امکانات

1۔ اسٹاف نے زری پالیسی کمیٹی کو 12 جون 2023ء کو منعقد ہونے والے گذشتہ اجلاس کے بعد معیشت کے اہم اظہاریوں میں پیش رفتوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ مزید برآں، کمیٹی کی معلومات کے لیے اسے ابھرتے ہوئے رجحانات کے جائزوں اور تجزیوں سے آگاہ کیا گیا۔

2۔ اسٹاف نے کمیٹی کو 12 جون 2023ء کو ایم پی سی کے گذشتہ اجلاس کے بعد سے دو اہم ملکی پیش رفتوں سے آگاہ کیا۔ (i) ٹیکسوں، ڈیوٹیوں اور پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) میں اضافہ، (ii) درآمدات کی ترجیح سے متعلق اسٹیٹ بینک کی عمومی ہدایات کی موقوفی۔ یہ غور کیا گیا کہ ٹیکسوں میں اضافے سے براہ راست اور بالواسطہ طور پر مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ مزید برآں، درآمدی پابندیوں میں نرمی بیرونی کھاتے پر دباؤ ڈال سکتی ہے۔

زری پالیسی پر غور وخوض اور فیصلے کا ووٹ

3۔ زری پالیسی کمیٹی نے 9 میں سے 8 ووٹ کی اکثریتی رائے سے پالیسی ریٹ میں 100 بی پی ایس اضافے کا فیصلہ کیا جبکہ ایک رکن نے پالیسی ریٹ کو برقرار رکھنے کے حق میں ووٹ دیا۔

فیصلے:

- پالیسی ریٹ کو 100 بی پی ایس اضافے سے 22 فیصد کیا جاتا ہے۔
- زری پالیسی بیان–26 جون 2023ء منظور کیا جاتا ہے۔